سوال

(418)غلط کردار کے حامل امام کے پیچھے نماز

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گاؤں میں اور کوئی اہلِ حدیث مسجد نہیں کیا اس صورت میں اگر غلط کردار کے حامل خطیب کے پیچھے نماز نہ پڑھوں یعنی جمعہ کی نماز تو کیا اس کی جگہ میں ظہر کی نماز گھر ادا کرسکتا ہوں۔ ہم چار پانچ ساتھی ہیں۔ ہم نے وعدہ کیا ہے کہ اس غلط آدمی کے پیچھے ہم زندگی بھر نماز ادا نہ کریں گے کیا ایسی صورت میں ہم الگ اپنے گھر میں یا کسی دوسری مسجد میں اپنا خطبہ جمعہ دے کر نمازِ جمعہ ادا کرسکتے ہیں کیونکہ گاؤں میں اور کوئی اہلِ حدیث جامع مسجد نہیں ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ایسی صورت میں آپ دوسری مسجد میں جمعہ کی ادائیگی کا اہتمام کرلیں۔ لیکن جمعہ کو ترک مت کریں، چار پانچ ساتھی جمعہ پڑھ سکتے ہیں۔ انتظام کرلیں۔اتنے عدد سے راجح مسلک کے مطابق اقامتِ جمعہ میں کوئی قباحت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:370

محدث فتویٰ